1

بخدمت جناب سیکریٹری
الیکشن کمیشن آف پاکستان
اسلام آباد

02/04/2018

السلام علیکم،

عنوان: اعتراضات بابت قومی اسمبلی حلقہ NA-250, NA-251 اور NA-252 کراچی ویسٹ III, IV, V

الیکشن کمیشن پاکستان کی جانب سے شائع شدہ قومی اسمبلیوں کے حلقہ جات کی ابتدائی حلقہ بندیوں کے مطابق NA-250 اور NA-251 کی حلقہ بندی منسلک ہے :

* منسلک ہیں الیکشن کمیشن کے تجویز کردہ حلقہ بندی کے نقشے

مندرجہ بالا حلقہ بندی سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ حلقہ بندی غیر متوازن ہے، اور انتخابی قوانین مجریہ 2017 کی شق نمبر 20 کے برعکس ہیں، جس میں حلقہ این اے 250 کی آبادی 821992 ہے جبکہ این اے 251 کی آبادی 766724 ہے۔ مندرجہ بالا دونوں حلقوں کی آبادی کے متوازن کرنے کے لئے این اے 251 کے جغرافیائی لحاظ سے متصل علاقوں کو اگر این اے 250 میں شامل کر دیا جائے تو آبادی متوازن ہو جائے گی اور دونوں حلقوں میں سیاسی توازن بھی درست ہو جائے گا۔

جبکہ معزز سپریم کورٹ نے سن 2011 میں وطن پارٹی بالمقابل وفاق پاکستان۔ PLD 2011 SC 997 Page No. 1131 کے فیصلے کے مطابق حلقہ بندیوں میں الیکشن کمیشن کو یہ لحاظ رکھنا ہوگا کہ تمام لسانی اکائیوں کی حلقے میں نمائندگی ہو۔ جبکہ سابقہ NA-241 اور 242 میں مختلف لسانی اکائیاں متوازن نمائندگی رکھتی تھیں، جبکہ الیکشن کمیشن کی شائع شدہ نئی حلقہ بندی میں حلقہ NA-251 میں صرف اردو بولنے والی آبادی ہے جو کہ معزز سپریم کورٹ کے فیصلے کے منافی ہے۔

اسی طرح حلقہ NA-252 میں میں مومن آباد سب ڈویژن کے چارج 15 اور 16 شامل ہیں، جبکہ تجویز یہ ہے کہ مومن آباد سب ڈویژن کے چارج 17 کو حلقہ 252 میں شامل کیا جائے جبکہ مومن آباد سب ڈویژن کے چارج 15 کو حلقہ 251 میں شامل کر دیا جائے جو کہ متصل، متاشبہ آبادی ہے۔

ترمیم شدہ حلقہ بندی انتخابی قوانین مجریہ 2017 کی شق نمبر 20 کے مطابق کی تفصیل منسلک ہے۔

امید ہے کہ مندرجہ بالا حقائق کے مدِ نظر رکھتے ہوئے مذکورہ بالا حلقوں میں سائل کی تجویز کردہ ترمیم کو شامل کر کے درستگی کی جائے گی۔

والسلام

درخواست گزار: عبدالمنان خان ولد اکرم علی خان
شناختی کارڈ نمبر: 42401-4592164-9
ووٹر نمبر: 123 گھرانہ نمبر 61 شماریاتی بلاک کوڈ: 409220504
پتہ: مکان نمبر: 144 گلی نمبر 4، سیکٹر 14 اے، محمدی کالونی، اورنگی ٹاؤن کراچی
رابطہ نمبر: 0314-2950034
دستخط: ____

درخواست گزار: معین الدین احمد ولد شمس الدین
شناختی کارڈ نمبر: 42401-2573589-5
ووٹر نمبر: 121 گھرانہ نمبر 104 شماریاتی بلاک کوڈ: 409310404 ووٹر حلقہ NA-250
پتہ: مکان نمبر: 8، سیکٹر C/7، اورنگی ٹاؤن، کراچی
رابطہ نمبر: 0314-2201092
دستخط: ____